
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ رحمٰن
چوتھی جماعت کے لئے

# چمک بھی جاؤ!



کہانی : علی عالم
تصویریں : فرح فرخ

ٹیچر کیلئے نوٹ

• کتاب چمک بھی جاؤ چوتھی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس کتاب کی کہانی کے ذریعے انہیں سورج کی اہمیت اور فوائد کے متعلق بتایا گیا ہے۔ ساتھ ساتھ سائنسی حقائق بھی بتائے ہیں۔ ٹیچر کہانی اور حقائق کو ایک ساتھ نہ پڑھائیں۔ کہانی کے سیشن اور حقائق کے سیشن مختلف دنوں میں پڑھائے جائیں۔

## سیشن 1

20 منٹ

• آج بچوں کو قطار بنا کر کلاس سے باہر لے آئیں اور پڑھائی کروائیں۔ تاکہ بچے نہ صرف کہانی سے لطف اندوز ہوسکیں بلکہ وہ اردگرد کی چیزوں کا مطالعہ کر کے سورج کی اہمیت سے آگاہ بھی ہوسکیں۔

نوٹ

• کہانی کا معلوماتی حصہ پہلے سیشن میں نہ پڑھا جائے۔ کہانی تاثرات کے ساتھ آرام سے پڑھیں۔

• کہانی کی پڑھائی ختم ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے اردگرد کا غور سے مطالعہ کریں اور بتائیں کہ سورج کس کس طرح کام آتا ہے۔ بچے جو بھی جواب دیں وہ غور سے سنیں۔ اس موقع پر کوشش کریں کہ کلاس کا ہر بچہ بات چیت میں حصہ لے سکے اور جواب دے۔

25 منٹ

• اس بات چیت کے بعد بچوں کو کلاس میں لے آئیں۔ اب وہی فہرست جو بچوں نے زبانی مل کر ترتیب دی تھی وہ بورڈ پر لکھیں جسے بچے اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

ممکنہ فہرست یہ ہوسکتی ہے۔

(۱) سورج کی روشنی سے دن نکلتا ہے۔

(۲) فصلیں پکتی ہیں۔

(۳) کپڑے سوکھتے ہیں۔

(۴) حرارت ملتی ہے۔

(۵) سورج کی توانائی کی مدد سے گاڑیاں چلائی جاسکتی ہیں۔

• بچے یہ فہرست اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| گھر کا کام | • کہانی پڑھ کر امی کو سنائیں۔ امی سے پوچھیں کہ وہ سورج کی روشنی سے کیسے فائدہ اٹھاتی ہیں؟ ایک رومال اسکول لے کر آئیں۔ |

## سیشن 2

| | |
|---|---|
| نوٹ | • آج کلاس میں جانے سے پہلے مرجھائے ہوئے پودے اور تازہ دم پودے کا بندوبست کریں۔ اگر انگوروں کا موسم ہے تو انگور اور کشمش کا بھی بندوبست کرلیں۔ |
| 25 منٹ | • کلاس میں جانے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ امی نے کیا بتایا کہ سورج ہمارے کیا کام آتا ہے۔ بچے جو بھی جوابات دیں وہ غور سے سنیں۔ اس کے بعد بچوں کو کہانی کا معلوماتی حصہ ''پتے کھانا کیسے بناتے ہیں؟'' پڑھ کر سنائیں۔ ساتھ ہی ساتھ مشکل الفاظ :- موجودگی۔ کیمیائی عمل۔ نشو و نما۔ لحاظ۔ کے معنی بھی سجھاتی جائیں۔<br>• پڑھائی ختم ہونے کے بعد اپنے ساتھ لائے ہوئے تازہ دم اور مرجھائے ہوئے پودے کو باری باری سب بچوں کو دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ دونوں پودوں کے درمیان کیا فرق ہے؟ اس موقع پر بچوں کو جوابات دینے کا بھرپور موقع فراہم کریں اور انہیں یہ بھی بتائیں کہ مرجھائے ہوئے پودے کو سورج کی روشنی نہیں ملی تھی۔ اس لئے وہ کمزور اور بے جان ہو گیا۔ اس کے بعد کہانی کا باقی حصہ ''کیری آم کیسے بنتی ہے؟'' ''انگور کشمش کیسے بنتے ہیں۔'' پڑھ کر سنائیں۔<br>• مندرجہ بالا باتیں بچوں کو اچھی طرح سمجھ آگئی ہیں یا نہیں یہ جاننے کے لئے بچوں سے زبانی سوال و جواب کوئز کے انداز میں پوچھیں ممکنہ سوالات یہ ہو سکتے ہیں۔<br>• کلوروفل اور روشنی کی موجودگی میں کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی مل کر پتوں میں کیمیائی عمل پیدا کرتے ہیں۔ اسے کیا کہتے ہیں؟<br>• پتے میں کھانا کیسے پہنچتا ہے؟<br>• آم بننے کے مرحلے میں کیری سورج سے کیا حاصل کرتی ہے؟<br>• انگور کے گچھوں کو کس طرح سکھایا جاتا ہے؟ |

- انگور سوکھ کر کیا بن جاتے ہیں؟

20 منٹ
- بچوں کو قطار بنا کر کلاس سے باہر لے آئیں اور بچے اپنے ساتھ جو رومال لے کر آئے تھے اسے وہ پانی سے دھوئیں اور پھر سوکھنے کے لئے چار بچے کسی بند جگہ مثلا کلاس کا کونا اور باقی بچے دھوپ میں ڈال دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اسکول کی چھٹی کے وقت دیکھیں کہ رومال کس حالت میں ہے؟ اگر سوکھ گیا ہے تو کس وجہ سے سوکھ گیا؟

گھر کا کام
- رومال کے تجربے کے بارے میں گھر سے چند لائنیں لکھ کر لائیں۔

## سیشن 3

30 منٹ
- آج کلاس کو چار چار کے گروپس میں تقسیم کریں۔ ایک گروپ بادل بنے۔ دوسرا سورج۔ تیسرا بارش اور چوتھا ہوا۔
- اب بچے مل کر بادل۔ بارش۔ سورج۔ ہوا کے فوائد مکالموں کی شکل میں مل کر ترتیب دیں۔

نوٹ
- ٹیچرز کی آسانی کے لئے یہاں اس مشق کا ایک نمونہ دیا جا رہا ہے۔

سورج۔
- میں تمہیں روشنی اور حرارت دیتا ہوں۔ میری حرارت اور گرمی سے فصلیں پکتی ہیں۔ تمہارے کپڑے سوکھتے ہیں۔ دن نکلتا ہے۔ اگر میں نہیں ہوتا تو تمہیں چاند کی ٹھنڈی روشنی بھی نہیں ملتی۔

بادل۔
- سورج کی تیز گرمی میں تمہیں سایہ دیتا ہوں۔ جب آسمان پر بادل چھائے ہوئے ہوتے ہیں تو موسم کتنا خوشگوار ہو جاتا ہے۔ ہم بادل جب آپس میں ٹکراتے ہیں تو بارش ہوتی ہے۔ بجلی چمکتی ہے۔

بارش۔

- سخت گرمی اور حبس کے بعد جب بارش ہوتی ہے تو کتنا مزہ آتا ہے۔ بارش برسنے سے ہر طرف ہریالی چھا جاتی ہے۔ پھول پودے دھل کر نکھر جاتے ہیں۔ بچے مل جل کر خوب کھیل کود کرتے ہیں۔

ہوا۔

- میرے بغیر کوئی بھی جاندار زندہ نہیں رہ سکتا۔ میں نظر تو نہیں آتی ہاں البتہ مجھے محسوس کیا جاسکتا ہے۔

15 منٹ

- بچے جب لکھائی کا کام مکمل کرلیں تو ہر گروپ میں سے کوئی ایک بچہ جسے گروپ کے بچے خود منتخب کریں وہ آئے اور آ کر اپنے لکھے ہوئے مکالمے اداکاری کے ساتھ پڑھ کر سنائے۔
- مندرجہ بالا مشق کو رول پلے کی شکل میں بھی ترتیب دیا جاسکتا ہے۔

گھر کا کام

- کہانی اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 4

10 منٹ

- اب تک ہم نے کہانی کا جو حصہ پڑھا اس کی پڑھائی کلاس کے چند بچوں سے کروائیں۔

20 منٹ

- اس کے بعد کہانی کا معلوماتی حصہ سورج پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ سورج کے علاوہ کسی دوسرے ستاروں کے نام جانتے ہیں۔ اگر جانتے ہیں تو بتائیں۔ ٹیچر اس موقع پر بچوں کی خوب حوصلہ افزائی کریں۔ بچے جو بھی جوابات دیں وہ غور سے سنیں اس کے بعد تمام ستاروں کے نام باری باری صفائی سے بورڈ پر لکھیں اور باآواز بلند تمام ستاروں کے نام بچوں کو بتاتی جائیں۔ ان ستاروں کے نام کافی مشکل ہیں اس لئے ایسا کرنا ضروری ہے۔

15 منٹ

- ٹیچر صفائی سے بورڈ پر لکھیں۔

زمین۔ عطارد۔ زہرہ۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل۔ یورینس۔ نیپچون۔ پلوٹو۔

- ان ستاروں کے نام کیونکہ خاصے مشکل ہیں اس لئے ان کے نام اطمینان سے اور باآواز بلند بتائیں تاکہ بچوں کو اچھی طرح سمجھ آجائے۔ پھر درج ذیل فہرست بورڈ پر صفائی سے لکھیں۔

| | |
|---|---|
| زمین | Earth |
| عطارد | Mercury |
| زہرہ | Venus |
| مریخ | Mars |
| مشتری | Jupiter |
| زحل | Saturn |
| یورینس | Uranus |
| نیپچون | Neptune |
| پلوٹو | Pluto |

گھر کا کام

- کہانی میں سے املا لیا جائے گا۔ بچے گھر سے تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 5

15 منٹ

- کلاس کے چند بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ جن بچوں کی پڑھائی اچھی ہے ان سے سائنسی معلومات والے حصے کی پڑھائی کروائیں۔

30 منٹ

- کتاب کے کہانی والے حصے میں سے 10 سے 15 الفاظ کا املا لیں۔ املا کے اختتام پر بچے آپس میں کاپیاں تبدیل کریں۔ ٹیچر بورڈ پر املا کے الفاظ لکھیں۔ بچے بورڈ سے دیکھ کر املا کی جانچ کریں اور نمبر دیں۔

| | |
|---|---|
| گھر کا کام | • گھر سے جملے بنا کر لائیں۔ ٹیچر الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔<br>سورج۔ دھوپ۔ خشک۔ جراثیم۔ میٹھا۔ |

## سیشن 6

| | |
|---|---|
| تیاری | • کسی پرانے گتے کی مدد سے سورج کی تصویر بنا کر اس میں رنگ کریں۔ |
| 45 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک دلچسپ مشق کریں گے۔ جسے متعلقہ الفاظ (related words) کی مشق کہا جاتا ہے۔<br><br>• سورج کی جو تصویر بنائی تھی اسے کلاس میں کسی ایسی جگہ لگا دیں جہاں سے سب بچوں کو باآسانی دکھائی دے اگر ایسا نہ ہو سکے تو بورڈ پر سورج کی تصویر بنائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ لفظ سورج کو سننے کے بعد ان کے ذہن میں کون کون سے الفاظ آتے ہیں۔<br>• اب ٹیچر بچوں کی مدد سے بورڈ پر ایسے الفاظ کی فہرست ترتیب دیں۔ ساتھ ساتھ ان کا انگریزی ترجمہ بھی بتائیں۔ بعد میں بچے اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ |

| | |
|---|---|
| شعائیں | Rays |
| روشنی | Light |
| گرمی ۔ گرماہٹ | Heat |
| کرنیں | Sunbeam |
| سایہ | Shadow |
| چھتری | Umbrella |
| آسمان | Sky |
| دن | Day |
| دھوپ | Sunshine |

# سیشن 7

45 منٹ

- کہانی کی پڑھائی مکمل ہونے کے بعد درج ذیل سوالات ٹیسٹ کے انداز میں کروائیں۔
- پتوں کو کھانا تیار کرنے کے لئے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟ پودے کس کیمیائی عمل کے ذریعے کھانا تیار کرتے ہیں؟
- آم بننے کے دوران کیری سورج سے کیا چیز حاصل کرتی ہے؟ اور اس کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟
- نظام شمسی کے تمام ستاروں کے نام ترتیب وار اردو اور انگریزی میں لکھیں؟
- آپ کے خیال میں اگر ایک دن سورج ہم سے ناراض ہو جائے تو کیا ہوگا؟ جواب کی وضاحت 4 سے 5 جملوں میں کریں۔

# چمک بھی جاؤ

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

ہم PICIC کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

bookgroup
187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk